## اشتہار برائے 10 ایکڑ کماد کی کھڑی فصل کی نیلامی

لائیو سٹاک ایکسپیریمنٹ اسٹیشن خضر آباد، سرگودھا میں 10 ایکڑ رقبہ پر کاشت شدہ کماد کی کھڑی فصل کی نیلامی منعقد کی جا رہی ہے۔

**تفصیلات نیلامی:**

فصل: کماد — کل رقبہ: 10 ایکڑ۔

یہ نیلامی 30 نومبر 2026ء کو صبح 11:00 بجے بمقام تجرباتی لائیو اسٹاک فارم خضر آباد، سرگودھا منعقد ہو گی۔ اگر پہلی نیلامی میں کماد فروخت نہ ہو سکے یا مناسب قیمت موصول نہ ہو تو دوسری نیلامی 02 دسمبر 2026ء اور تیسری نیلامی 04 دسمبر 2026ء کو دن 11:00 بجے اسی مقام پر منعقد ہو گی۔

**شرائط و ضوابط**

1. ہر بولی دہندہ کے لیے مبلغ 100،000 روپے بطور زرِ ضمانت جمع کروانا لازمی ہو گا۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کی قیمت کا 1/4 حصہ موقع پر جمع کروانا ہو گا اور کامیاب بولی دہندہ کو 15 دن کے اندر باقی رقم جمع کروانا لازمی ہو گی۔
2. کامیاب بولی دہندہ کی زرِ ضمانت حتمی ادائیگی میں شمار ہو گی، جبکہ ناکام بولی دہندگان کو رقم واپس کر دی جائے گی۔
3. سب سے زیادہ بولی مجاز اتھارٹی کی منظوری سے مشروط ہو گی۔
4. کامیاب بولی دہندہ مکمل رقم مقررہ مدت کے اندر جمع کروانے کا پابند ہو گا۔
5. فصل کی کٹائی، نقل و حمل اور دیگر تمام اخراجات کامیاب بولی دہندہ خود برداشت کرے گا۔
6. کسی قسم کا ٹیکس، سیلز ٹیکس یا دیگر حکومتی محصولات حسبِ رائج قوانین کے مطابق لاگو ہوں گے جو کامیاب بولی دہندہ ادا کرنے کا پابند ہو گا۔
7. فصل کی کٹائی کے دوران فارم کی املاک، فصلوں اور آبپاشی کے نظام کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچایا جائے گا۔
8. کامیاب بولی دہندہ نیلامی کے حقوق کسی دوسرے شخص کو منتقل نہیں کر سکے گا۔
9. شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں زرِ ضمانت ضبط کرنے کا اختیار ادارے کو حاصل ہو گا۔
10. ادارہ کسی بھی بولی کو قبول یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے دفتری اوقات میں درج ذیل نمبر زپر رابطہ کریں۔

سینئر منیجر آپریشنز: 0327-8888082، ایگریکلچر منیجر: 0327-8888089

منیجر ایڈمن: 0313-8668486